# پرچہ ہوم اکنامکس سرگودھا بورڈ 2013 (گروپ دوسرا) 9th

وقت: 20 منٹ　　حصہ معروضی (لازمی)　　کل نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات نیچے دیئے گئے خانوں D C B A میں درج ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھتے ہیں، علیحدہ سے دی گئی جوابی کاپی (Answer Sheet) پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے چار دائروں Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ میں سے آپ اُس دائرے کو پین یا مار کر سے اس طرح بھر دیں کہ سیاہی دائرے سے باہر نہ نکلے۔

| | سوالات | (a) | (b) | (c) | (d) |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | خاندان کی خوشی کا انحصار ہے۔ | خاندان کے افراد پر | خاندان کے افراد کی تعداد | افرادِ خانہ کی تعلیم | افرادِ خانہ کے بچوں کی تعداد |
| (ii) | ہوم اکنامکس کو بنیادی طور پر درجہ دیا جاتا ہے۔ | سائنس کا | تاریخ کا | معاشیات کا | آرٹ کا |
| (iii) | ماحولیاتی تعلیم سے مراد معلومات فراہم کرنا ہے۔ | گھر کے متعلق | ماحول کے متعلق | ملک کے متعلق | افراد کے متعلق |
| (iv) | گھر کی پریشانیاں محدود رہنی چاہیے۔ | گھر تک | رشتہ داروں تک | دوسروں تک | ہمسائے تک |
| (v) | اپنے آپ کو سمجھنے کیلئے جائزہ لینا ضروری ہے۔ | اپنے کپڑوں کا | اپنی سماجی حالت کا | اپنی شخصیت کا | اپنی صحت کا |
| (vi) | والدین بچوں کی کس عادت سے شرمندگی محسوس کرتے ہیں؟ | بدزبانی | دوسرے بچوں کو مارنا | چیزیں توڑنا | انگوٹھا چوسنا |
| (vii) | آپ اپنی والدہ کی مدد کر سکتی ہیں۔ | ان کے گھریلو کام میں | نئی سٹیشنری خرید کر | مسائل حل کرنے میں | چھوٹے بچوں کو پڑھانے میں |

| | | (a) | (b) | (c) | (d) |
|---|---|---|---|---|---|
| (viii) | کپڑوں کی گرمیوں میں ضرورت ہوتی ہے۔ | کاٹن | سلک | گرم | ساٹن |
| (ix) | وولن اور ورسٹڈ دو طرح کے ہوتے ہیں۔ | کاٹن کپڑے میں | لینن میں | وولن کپڑے میں | رے آن میں |
| (x) | ڈرائی کلین کا مطلب ہے کپڑے بغیر ______ کے صاف کرنا۔ | صابن | پانی | واشنگ پاؤڈر | رے آن میں |
| (xi) | لباس سادہ اور نرم کپڑے کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ | پائیدار | کمزور | ہمارا جسم خوبصورت لگتا ہے | لمبے قد کی لڑکی کو نہیں پہننا چاہیے |
| (xii) | ہمارے آباؤ اجداد کے زمانے میں زندگی کیسی تھی۔ | مشکل | پیچیدہ | سادہ | آرام دہ |
| (xiii) | نرم اور سادہ کپڑوں میں انسانی جسم کی ساخت نظر آتی ہے۔ | خوبصورت | بدصورت | دلکش | موٹی |
| (xiv) | آدمی ہے ______۔ | عقلمند جانور | بولنے والا جانور | سماجی جانور | سوچنے والا جانور |
| (xv) | بہت سے بچے کس عمر تک بستر پر پیشاب کرنے کی عادت چھوڑ دیتے ہیں | ایک سال | ڈیڑھ دو سال | چار سال | چھ سال |

کل نمبر: 60　　☆ حصہ انشائیہ (اوّل) ☆　　وقت: 2:10 گھنٹے

www.ilmkidunya.com

2۔ کوئی سے چھ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔

(i) آرٹ کے کن دو اصولوں کی مدد سے گھریلو سجاوٹ میں مدد لی جاتی ہے؟
(ii) ماحولیاتی تعلیم سے کیا مراد ہے؟
(iii) ہوم اکنامکس اور نفسیات کا تعلق بیان کیجئے۔
(iv) علم شہریت کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
(v) خاندان سے کیا مراد ہے؟
(vi) انفرادی شخصیت کسے کہتے ہیں؟
(vii) تین سے پانچ سال تک بچے کی جسمانی نشوونما کیسی ہوتی ہے؟
(viii) بچے خوف کیوں محسوس کرتے ہیں؟
(ix) احساس ذمہ داری سے کیا مراد ہے؟

3۔ کوئی سے چھ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔

(i) اساتذہ کی عزت کرنا کیوں ضروری ہے؟
(ii) اقدار کی تعریف کریں۔
(iii) لباس کے متعلق ہمارا رویہ کن خواہشات کا اظہار کرتا ہے۔
(iv) اسلام خواتین کو کس قسم کا لباس پہننے کی تعلیم دیتا ہے۔
(v) مربع اور چوڑے چہرے کیلئے قمیض کا چوکور گلا موزوں نہیں کیوں؟
(vi) سرخ یا نیلا رنگ دیکھنے سے کیا احساس ہوتا ہے؟
(vii) ٹھنڈے اور گرم رنگوں سے کیا مراد ہے؟
(viii) ایک خاموش طبع خاتون کو لباس میں کیسے ڈیزائن کا انتخاب کرنا چاہیے۔
(ix) کس ساخت کے کپڑوں میں انسان موٹا محسوس ہوتا ہے

4۔ کوئی سے چھ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔

(i) السی کے پودے سے کونسا کپڑا بنایا جاتا ہے؟
(ii) سوت کی تیاری کے مراحل کے نام لکھیں۔
(iii) مصنوعی وسائل سے حاصل ہونے والے ریشوں کے نام لکھیں۔
(iv) نیلے رنگ والی چیزیں کیسی معلوم ہوتی ہیں؟
(v) مربع چہرے کے لیے گلا کیسا ہونا چاہیے؟
(vi) حیواناتی وسائل سے حاصل ہونیوالے ریشوں کے نام لکھیں؟
(vii) ریشم کے کیڑے کی زندگی کی حالتیں بیان کریں۔
(viii) کپڑوں کو مناسب جگہ پر رکھنے کی افادیت بیان کریں۔
(ix) معدنی ریشوں سے بنے ہوئے کپڑوں کی دو خصوصیات بیان کریں۔

☆ حصہ انشائیہ (دوم) ☆

کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

5۔ ہوم اکنامکس کی تعریف کیجئے۔ ہوم اکنامکس کا باقی مضامین کے ساتھ کیا تعلق ہے۔ بیان کیجئے۔
6۔ تفصیل سے لکھیں کہ ہمیں اپنے گھر، سکول اور معاشرے میں اچھے اور مفید شہری بننے کے کوشش کیوں کرنی چاہیے۔
7۔ مفید شہری اور مقبول فرد بننے کی صفات بیان کریں۔
8۔ رے آن کیا ہے؟ رے آن کپڑوں کے ریشوں کی تیاری کے کون کون سے طریقے ہیں۔
9۔ بچوں کی زندگی میں کھیل کی اہمیت لکھیے۔